دیا گیا ہے۔ کتاب کہیں سے کھولیں اور پڑھنا شروع کر دیں۔ قائداعظم کی شخصیت کا کوئی نہ کوئی دل چسپ پہلو سامنے آئے گا۔ ہر اقتباس کے ساتھ مصنف کا نام تو دیا گیا ہے مگر کتاب یا رسالے کا حوالہ نہیں دیا اور یہ اس کتاب کی بنیادی خامی ہے۔ اشاعت معیاری ہے۔ (ر-ہ)

تعارف کتب

1 ☆ محمدؐ بہ زبان محمدؐ، مرتب: غوث محی الدین۔ ناشر: مطبوعات ارحم' کراچی۔ صفحات: ۶۰۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [مختلف عنوانات کے تحت احادیث نبویؐ کا انتخاب۔ متن مع اعراب اور اردو ترجمہ۔ مولف نے اولاً اسے Muhammad in His Own Words کے عنوان سے مرتب کیا تھا اب اس کا ''اردو قالب'' شائع کیا ہے تاکہ ہم نبیؐ کے پیغام کو سمجھ کر ''اپنے زندگی کے صبح و شام اور نشست و برخاست کا رُخ متعین کریں''۔]

2 ☆ سوانح حضرت مولانا عبدالحقؒ، مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ۔ صفحات: ۳۲۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے بانی مولانا عبدالحق کے سوانح ''اندازِ تربیت' دینی و اصلاحی' قومی و ملی اور ملکی خدمات کا دل آویز اور ایمان افروز تذکرہ'' (سرورق) فن سوانح نگاری سے قطع نظر' محبت' ارادت اور عقیدت کی بنیاد پر لکھے گئے' ایک عالم باعمل کے حالاتِ زندگی۔]

3 ☆ ماہنامہ بتول' مدیرہ: سعیدہ احسن' ثریا اسما۔ دفتر بتول' کمرہ نمبر ۱۴' سیّد پلازا' ۳۰-فیروز پور روڈ' لاہور ۵۴۶۰۰۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ سالانہ: ۱۵۰ روپے۔ [''خواتین کا علمی' ادبی' اصلاحی جریدہ'' نئے انتظامات اور نئی مجلس ادارت کے اہتمام میں دورِنو کا آغاز۔ مختلف موضوعات (قرآن' حدیث' حالاتِ حاضرہ' شاعری' افسانہ' طنز و مزاح' سفرنامہ' آدابِ معاشرت وغیرہ) پر دل چسپ اور عمدہ تحریریں۔]

4 ☆ ترجمان صفہ' دارالعلوم دیوبند نمبر' مدیر: حمداللہ راہی۔ ناشر: صفہ فاؤنڈیشن' دی صفہ اسکول بدرسی نوشہرہ' صوبہ سرحد۔ صفحات: ۲۰۰۔ قیمت: ۵۵ روپے۔ [دارالعلوم دیوبند کا تعارف' اکابر دیوبند' تعلیمی نصاب' اور ان کی دینی اور فقہی خدمات وغیرہ پر تحسینی مضامین کا مجموعہ۔]

5 ☆ میر کا تغزل' ڈاکٹر عبدالمغنی۔ ناشر: خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری' پٹنہ۔ صفحات: ۴۲۔ قیمت: ۲۰ روپے۔ [معروف کلاسیکی شاعر میر تقی میر کی شاعری کے اہم پہلو تغزل کا تنقیدی جائزہ۔ مصنف کے نزدیک میر کی شاعری کا اصل کارنامہ ان کا تغزل ہی ہے۔] (ر-ہ)

اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ (ادارہ)